علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

کلیہ عربی وعلومِ اسلامیہ

(شعبہ اسلامی فکر تاریخ وثقافت)

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یاڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہوجائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یاچوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری Plagiarism "پالیسی کے مطابق سزادی جائے گی۔

کورس:اصول تحقیق(2631) **سمسٹر:بہار،2026ء**

سطح:ایم اے علومِ اسلامیہ

ہدایت نامہ برائے طلبہ

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیئے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجئے۔

3- ہاتھ سے تحریر شدہ سکین(Scanned)امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں(Word یاPDFفارمیٹ)میں LMSپر بروقت یامقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کریں۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد/ تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اَپ لوڈنہ ہوسکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔

6- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈیادیگر مطالعاتی مواد سے ہوبہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:40

امتحانی مشق نمبر1

(یونٹ نمبر1-4)

سوال نمبر1۔ تحقیقی مواد کی اہمیت اور تحقیق کی اقسام پر نوٹ لکھیں، نیز بتائیں کہ منہج کے اعتبار سے تحقیق کی اقسام کون سی ہیں؟ ہر ایک پر مفصل نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر2۔ تحقیقی مقالے کے لیے موضوع کا انتخاب اور خاکہ سازی کے مراحل کیا ہیں؟ تفصیل سے لکھیں۔ (20)

سوال نمبر3۔ حوالہ جات میں استعمال ہونے والے رموزواختصارات کی وضاحت کریں۔ نیز کتابیات کا مفہوم واضح کریں۔ (20)

سوال نمبر4۔ پروف خوانی کا معنی و مفہوم واضح کریں، نیز پروف خوانی کی ضرورت واہمیت پر جامع نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر5۔ رموزِاوقاف سے کیا مراد ہے؟ نیز رموزاوقاف کی وضاحت کریں اور ان کے استعمال پر جامع نوٹ لکھیں۔ (20)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:40

امتحانی مشق نمبر2

(یونٹ نمبر5-9)

سوال نمبر1۔ تحقیقی مجلہ سے کیا مراد ہے؟ اس کے سرورق کی تیاری میں کن امور کا خیال رکھنا ضروری ہے؟ جامع نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر2۔ حاشیہ نگاری سے کیا مراد ہے؟ اس کا لغوی اور اصطلاحی مفہوم واضح کریں نیز اس کی اہمیت پر نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر3۔ اقتباس سے کیا مراد ہے؟ اقتباس کے اندراج کا طریقہ اور اس کی مختلف صورتوں پر جامع نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر4۔ اساسی اور ثانوی مآخذ کی تعریف بیان کریں نیز بنیادی ماخذ سے استفادہ میں سائنسی اصول کی وضاحت کریں، اور مصادر اور مراجع میں فرق بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر5۔ حصول مواد کے ذرائع اور طریقے کون کون سے ہیں؟ مختصر نوٹ لکھیں، تحقیقی مواد کی اہمیت پر بھی نوٹ لکھیں۔ (20)